A

# SAMAGRA SHIKSHA – KERALA

810

## ANNUAL EVALUATION 2018-19

STD : VIII

First Language Part-1 (Urdu)

Time :1 ½ Hrs
Score : 40

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

* ആദ്യത്തെ 15 മിനട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
* 1 മുതൽ 6 വരെയുള്ള എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
* 7 മുതൽ 13 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 14 മുതൽ 19 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക

## 1 سے 6 تک کے تمام سوالوں کے جواب لکھیے۔

1 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ 1

[گیہوں ، چاول، چنا، تارلی ]

2 اردو زبان کی ترقی میں مغل بادشاہوں کا بڑا ہاتھ ہے۔ 1

بچوّ، دو مغل بادشاہوں کے نام لکھیے۔

3 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| بچے کی دعا | جوش ملیح آبادی |
| ابھی اور گاؤ | علاّمہ محمداقبال |
| اچھازمانہ | اسرارالحق مجاز |
| مزدور ہیں ہم مزدور | اسمٰعیل میرٹھی |

4 توسین سے مناسب لفظ چن کر خانہ پورا کیجیے۔ 2

[ بھاسکر ، مدن لال ، بدّھو ]

| | | |
|---|---|---|
| ہم کتنے غریب ہیں | کہانی | ......................... |
| پُل کمزور ہے | ......................... | لطیفہ |

5 اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے ہندوستان کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) ہر وقت کھلونے ہیں اور عمدہ غذائیں ہیں
ماں باپ کی شفقت ہے اور ان کی دعائیں ہیں

b) بھارت پیارا دیس ہمارا سب دیسوں سے نیارا ہے
ہر رُت ہر موسم اس کا کیسا پیارا پیارا ہے

c) میں بے تاب ہوں مجھ کو جلوہ دکھاؤ
میں گم راہ ہوں مجھ کو رستہ بتاؤ

6 جملے غور سے پڑھیے۔ صحیح جملہ چن کر لکھیے۔ 1

a] لڑکی ناچ رہا ہے۔ b] لڑکی ناچ رہی ہے۔
c] لڑکی ناچ رہے ہیں۔ d] لڑکی ناچ رہا ہوں

**7 سے 13 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے- [5X3= 15]**

7 اردو میٹھی اور پیاری زبان ہے۔ ہندوستان میں اور بھی کئی زبانیں بولی جاتی ہیں۔
a) بچوّ، ہندوستان کے اور دو زبانوں کے نام لکھیے۔
b) اردو زبان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

8 'قطب مینار' ایک تاریخی عمارت ہے۔ ہمارے دیس میں اور بھی کئی تاریخی عمارات ہیں۔
a) بچوّ، ہندوستان کے اور دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ ایک تاریخی عمارت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

9 کہانی 'ایک خواب اور....' آپ نے پڑھی ہے نا؟ سندیپ اس کہانی کا اہم کردار ہے۔
a) بچوّ، اس کہانی کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں تین جملے لکھیے۔



exam WINNER

10 پیڑ فطرت کا وردان ہے۔ پیڑ پودے نہیں تو جانور زندہ نہیں رہتے۔
بچوّ، پیڑ لگانے کی اہمیت پر تین نعرے تیار کیجیے۔ جیسے :-

| پیڑ فطرت کا وردان ہے |
| --- |

11
گو آفت و غم کے مارے ہیں
ہم خاک نہیں ہیں تارے ہیں
اس جگ کے راج دلارے ہیں
مزدور ہیں ہم مزدور ہیں ہم

ان اشعار میں شاعر اسرار الحق مجاز مزدوروں کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔
بچوّ، مزدور لوگ ہمارے لیے کیا کیا کرتے ہیں؟ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

12 بازار میں سامان خریدنے کے لیے طرح طرح کی منڈیاں ہوتی ہیں۔
(a بچوّ، کسی دو منڈیوں کے نام لکھیے۔
(b آپ کا پسندیدہ ایک منڈی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

13 ہم ہر سال مختلف تہوار مناتے ہیں۔ تہوار پیار اور محبت کا نشان ہے۔
(a بچوّ، ہندوستان کے دو تہواروں کے نام لکھیے۔
(b آپ کا پسندیدہ تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

**14 سے 19 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ [4X4= 16]**

14 عبارت غور سے پڑھیے اور چار سوالات تیار کیجیے۔
شاہ جہاں مغلیہ سلطنت کے ایک بادشاہ تھے۔ ان کو عمارتیں بنوانے کا بڑا شوق تھا۔ انھوں نے دہلی میں 'شاہ جہاں آباد' کے نام ایک شہر بنوایا۔ اسی شہر میں انھوں نے ایک قلعہ بھی بنوایا۔ یہ قلعہ لال پتھر سے بنایا گیا ہے۔ اس لیے اسے لال قلعہ کہا جاتا ہے۔
[ اشارے: کون، کیا، کہاں، کیوں ]

exam WINNER

15 آخر دو سال بعد سندیپ دبئی سے گھر واپس آیا۔ بھائی جان کو دیکھ کر اس کی بہن شالی خوشی سے دوڑ کر آئی اور باتیں کرنے لگی۔

شالی: بھائی جان، آپ کیسے ہیں؟

سندیپ: ..............................

سندیپ اور شالی کے درمیاں ہونے والی گفتگو آگے بڑھائیے۔

16 ہمارے آس پاس کسان، کمہار جیسے پیشہ کرنے والے بہت مزدور ہیں۔ مزدور لوگ کام کرنے سے یہ دنیا چلتی ہے۔ بچّو، آپ کا پسندیدہ پیشہ کون سا ہے؟

a) دو پیشوں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک پیشہ کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

17 شالی کا بھائی سندیپ دو سال کے بعد دبئی سے گھر واپس آیا۔ اس خوشی میں شالی اپنی سہیلی یاسمین کے نام خط لکھنا چاہتی ہے۔ خط لکھنے میں شالی کی مدد کیجیے۔

[اشارے: تاریخ، مقام، میری پیاری سہیلی، دستخط]

18 رنگ برنگے پھول پودے، پھولوں سے رس چوسنے والی تتلیاں، بچوں کو کھیلنے کے لیے جھولے اور پھسل گنڈیاں..........

بچّو، آپ نے پارک دیکھا ہے نا؟




a) پارک سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

b) پارک کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے۔

exam WINNER

19 مذہب کچھ ہو ہندی ہیں ہم سارے بھائی ہیں
ہندو ہیں یا مسلم ہیں یا سکھ ہیں یا عیسائی ہیں

a) بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) اس میں ہندوستان کے لوگوں کے بارے میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔